(2)

۱۴۰۱۸ / ۲۰/۶/۱۱

B/3/19

re-fatwa@darululoomkarachi.edu.pk

From: جامعہ دارلعلوم کراچی <Rohani77@yahoo.com>
Sent: Saturday, February 16, 2019 11:27 AM
To: re-fatwa@darululoomkarachi.edu.pk
Subject: موسیقی کی تعریف کیا ہے ؟موسیقی کا حکم جناب عالی کے نظر میں کیا ہے کیا مطلقا حرام ہے یاکوئی استثنا بھی ہے مثلا قومی ترانہ وغیرہ

Father's / ولدیت یا زوجیت :/H/W	محمد عزیز
Name: / نام	محمد یاسر
Contact No : / رابطہ نمبر	00989017803250
E-mail: / ای میل	Rohani77@yahoo.com
Gender / جنس	مرد
Age / عمر	31
CNIC N0: / شناختی کارڈ نمبر	14301-8263366-9
Country : / ملک کا نام	Pakistan
Address: / موجودہ پتہ	ایران قم
Subject / عنوان	① موسیقی کی تعریف کیا ہے ؟موسیقی کا حکم جناب عالی کے نظر میں کیا ہے کیا مطلقا حرام ہے یاکوئی استثنا بھی ہے مثلا قومی ترانہ وغیرہ

(جواب منسلکہ ورق پر ملاحظہ فرمائیں)

دار الافتاء نمبر ۹/۲۰۷۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداومصلیا

(۱)۔۔۔ عرف میں موسیقی ان اصول وضوابط کو کہتے ہیں جن میں وجد انگیز آلات پر دھن، سروں کی بندھی ہوئی ترتیب اوران کے اوقات وموسم سے بحث کی جاتی ہے اوران دھنوں سے کیف ومستی پیدا ہوتی ہے جیسے راگ سرود، طرب، نغمہ، گانابجانا وغیرہ۔

المعجم الوسيط (٢/ ٨٩١)

(الموسيقى) (تذكر وتؤنث) لفظ يوناني يطلق على فنون العزف على آلات الطرب۔

معجم الغني

فن يعتمد على تلحين الألحان وتاليفها وغنائها والتطريب بها، وهي أنواع وأشكال :موسيقي الآلة، الموسيقي الشعبية، موسيقي الجاز، الموسيقي الكلاسيكية۔

(۲)۔۔۔ موسیقی کے بارے میں حکم یہ ہے کہ جن آلات موسیقی کا استعمال بذاتہ سرور پیدا کرتا ہے اوران آلات کی وضع ہی لہوولعب کے لئے ہو ان کا استعمال قطعاناجائز ہے جیسے سارنگی، بانسری وغیرہ خواہ تنہااستعمال ہوں یاگانا بھی ساتھ گایاجائے۔

اور جن آلات کا استعمال وضعاًاور استعمالاًلہوولعب کے ساتھ خاص نہ ہوبلکہ اعلانات اور گھنٹی وغیرہ کیلئے بھی استعمال ہوتے ہوں ان کا استعمال اگر لہوولعب کے طور پر ہوتو مکروہ ہے اوراگر اعلانات اور گھنٹی وغیرہ کیلئے ہوتو جائز ہے البتہ دف کے بارے میں شرعاحکم یہ ہے کہ اس کو شادی کے موقع پر استعمال کرسکتے ہے بشرطیکہ اس میں گھنگرونہ ہوں اوراس کے علاوہ دف کا استعمال بھی مکروہ ہے۔

البتہ موسیقی کے آلات کے بغیر اشعار مثلاً نعت، نظم، ترانہ، گیت گانا وغیرہ کواگر طبعی طرز کے مطابق ترنم سے پڑھے توشرعاان کے پڑھنے، سننے اور دوسروں کو سنانے کی شرعااجازت ہے بشرطیکہ ان میں درجِ ذیل شرائط کالحاظ رکھاجائیں۔

(۱)۔۔۔ میوزک بالکل نہ ہو یعنی آلات موسیقی ہرگز استعمال نہ کئے جائیں۔

(۲)۔۔۔ محض لہوولعب مقصود نہ ہوبلکہ کوئی صحیح دینی یادنیاوی غرض پیش نظر ہو جیسے تفریح طبع، دفعِ وحشت اور قطعِ مسافت وغیرہ۔

(۳)۔۔۔ اشعار کا مضمون شرکیہ جملوں اور غیر شرعی مبالغہ آرائی پر مشتمل نہ ہو۔

(۴)۔۔۔ اشعار کسی زندہ عورت کے حسن سے متعلق نہ ہوں۔

دار الافتاء

(جاری ہے۔۔۔)

(۵)۔۔۔اشعار کے پڑھنے، سننے اور سنانے سے مقصد کسی خاص مسلمان شخص یا قوم پر طعنہ زنی کرنا نہ ہو۔

(۶)۔۔۔اشعار شہوت بھڑکانے والے نہ ہوں۔

(۷) ۔۔۔اشعار میں ایسا انہماک نہ ہو جو کہ فرائض میں غفلت پیدا کرے یا واجبات سے لاپرواہی یا فتنہ کا سبب بنے یا اس کی وجہ سے کسی حرام کام میں مبتلاء ہونا پڑے (مستفاد از اسلام اور موسیقی:۳۳۹)

قال الله تعالى

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا أُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ (۶ [لقمان : ۶]

موسوعة العروض والقافية (ص: ۴)

الشعر :قال ابن خلدون :((الشعر هوكلام البليغ المبني على الاستعارة والأوصاف ، المفصل بأجزاء متفقة في الوزن والرويّ ، مستقل كل جزء منها في غرضه ومقصده عما قبله وبعده ، الجاري على أساليب العرب المخصوصة به))

وفى الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (۶/ ۵۵)

وإذا كان الطبل لغير اللهو فلا بأس به كطبل الغزاة والعرس لما في الأجناس: ولا بأس أن يكون ليلة العرس دف يضرب به ليعلن به النكاح.

شرح فتح القدير – (۷ / ۴۱۰)

وفي مغني ابن قدامة الملاهي نوعان محرم وهو الآلات المطربة بلا غناء كالمزمار والطنبور ونحوه لما روى أبو أمامة أنه عليه الصلاة والسلام قال إن الله تعالى بعثني رحمة للعالمين وأمرني بمحق المعازف والمزامير والنوع الثاني مباح وهو الدف في النكاح وفي معناه ما كان من حادث سرور ويكره غيره لما عن عمر رضي الله عنه أنه كان إذا سمع صوت الدف بعث ينظر فإن كان في وليمة سكت وإن كان في غيره عمد بالدرة-

احكام القران–للمفتي محمد شفيع–(۲۵۱/۳)

قد تلخص من المذ اهب الا ربعة واقوال مشايخها ومشا ئخ الصو فية كان الله لهم : ان من الغناء ما هو محرم باجماعهم واجماع طوائف المسلمين كلهم من اولهم الى آ خرهم ،وهو اقسام :

الغنا ءالمحرم اجماعاً :

(۱)۔ كل غناء كا ن لمحض الهو واللعب من دون غرض صحيح ديني او دنيوى ، سواء كام لنفسه او لغيره مع المزامير وبدونها ،

(۲)۔ استعمال آ لات المعازف والمزامير المطربة بنفسها الموضوعة للهو والاطراب سواء كان معها غناء او لم يكن

دار الافتاء

(جاری ہے۔۔۔)

(۳)۔کل غناء افضی الی ترک الواجب با لالهاء والانهماک او الی ارتکاب محرم لإ شتما له علی ما لا یجوز من الکلام او لا ستماعه عمن لا یجوز السماع منه او لتضمنه شیئاً آخر من المنکرات

(۴)۔اتخا ذا لغناء وضرب الآلات مکسبة وصنعة فهذه الاربعة لم یجوزها احد من المسلمین۔۔۔الخ

الغناء المباح اجماعاً :

ومن الغناء ما هو مباح با لاجماع وهو ترنم الرجل بترقیق الصوت و تحسینه علی السذا جة الطبیعة من دون ان یتکلف برعایة المو سیقی ویتشبه با لمغنین بشرط ان لا یکون ذلک لهو المجرد،بل لغر ض صحیح کدفع الوحشة عن نفسه فی الخلوة اولقطع مفاوز السفر او لحمل ثقیل ، وحفر خندق وامثاله او لتنویم الصبی او لحداء الابل او لتعلم القوافی او دفع الکلال عن نفسه،وبشرط ان لا یکون فی الکلام مالایجوز، وبشرط ان لا یتخذه دیدنا وعادةفی الاوقات عما یلهیه عما یهمه، فهذا النوع من الهناء مباح بالاجماع۔

وفی فتح الملهم(۴/۴۲۱)

کتاب الشعر :عن عمرو بن رشید عن ابیه قال : ردفت رسول الله ﷺ یوما فقال هل معک من شعر امیة ابن الصلت شیئاً ؟ قلت نعم ، قال هیه ،فأنشدته بیتاً فقال هیه ،ثم انشدته بیتا فقال هیه حتی انشدته مائة بیت،

وفی شرحه قال :''قوله حتی انشدته مائة بیت،'' فیه جواز انشاد الشعر وانشائه، ومما یدل علی الجواز ایضا ما اخرجه البخاری فی الادب ،عن ابی کعب (رقم۶۱۴۵) ان رسو ل الله ﷺ قال ''ان من الشعر حکمة '' وقد ثبت سماع النبی ﷺ الشعر فی غیر ما حدیث ،وکان یوضع ا لمنبر فی المسجد لحسان بن الثابت فینشد الأ شعار وینافح بها عن رسول الله ﷺ .....

فالمذموم من الشعر ما اشتمل علی الکفر او علی الفسق کدعاوی الکا ذبة (لقوله تعالی وانهم یقولون مالا یفعلون) والکلام الفاحش او التغزل باجنبیة معینة اوبالامرد اوهجاء انسان من غیر حقه او هجاء قبیلة لأجل رجل منهم او غیر ذلک من المعاصی فلا یجوز انشاء مثله ولا انشاده الا استشهاداً فی اللغة۔

وکذالک یذم من الشعر ما غلب علی الانسان بحیث صده عن القرآن والعلم و ذکر الله، فاذا بلغ هذا المبلغ لم یجز ، وان کان مشتملاً علی معان مباحة.....اما اذا الشتمل الشعر علی معنی حسن کا لتوحید وحمد الله ،،،،فهو مثاب علیه ان شاء الله واذا الشتمل علی معنی مباح فهو مباح ،وقد أخرج البغوی فی معجم الصحابة ان النبی صلی الله علیه وسلم اذن لمالک بن عمیر الاسلمی الشاعر ان یشبب بامرأته ،ویمدح راحلته کما سیاتی ان شاء الله وکذلک ثبت عن رسو ل الله ﷺ انه سمع قصائد حسان وکعب مع ما اشتملت امرأ ة مبهمة ولم ینکر علیها رسول الله ﷺ فی ذلک ،فدل علی جوازالتشبیب بامرأه غیر معینة..... واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

عزیز احمد کان اللہ لہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۱۵/ شعبان/ ۱۴۴۰ھ

۲۱/اپریل/2019ء

الجواب صحیح

احقر محمود اشرف غفر اللہ لہ

مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

۱۵/ شعبان/ ۱۴۴۰ھ

۲۱/اپریل/2019ء

الجواب صحیح

محمد المعتصم عفی عنہ

۲۱/۴/۲۰۱۹